بسم الله الرحمن الرحيم

ضروري اصطلاحات

أصول حديث :

أصول حديث سے مراد ان أصول وقواعد کے مجموعہ کا علم ھے جن کے ذریعے أحادیث کي سند اور متن کو قبول یا رد کرنے کي معرفت حاصل ھوتي ھے۔

الحديث :

لغوي تعریف: لغت میں حدیث قدیم کي ضد ھے یعني جدید اور نئي چیز، اور اسکي جمع أحادیث ھے۔

اصطلاحي تعریف : (ما أضيف إلي النبي من قول أو فعل أو تقريرأو صفة) یعني جس بات کي نسبت نبي کریم صلی اللہ علیہ وسلم کي طرف ھو خواہ وہ قول ھو یا فعل ھو یا تقریر ھو یا صفت ھو، وہ سب حدیث کھلاتي ھیں۔

(تقریر: جو عمل کسي صحابي نے نبي صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا ھو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر خاموش رھے ھوں)

الأثر :

لغت میں کسي چیز کے باقي رہ جانے والے نشان کو أثر کھتے ھیں

اصطلاحي تعریف میں دو قول ھیں:

۱۔ أثر حدیث کا مترادف ھے

۲۔ حدیث کے برعکس ھے یعني أثر صحابہ کرام اور تابعین کے أقوال کو کھا جاتا ھے اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل کا نام ھے۔

السنة :

السنة کبھي حدیث کے ھم معني استعمال ھوتا ھے، اور کبھي طريقه مسلوكه في الدين یعني دین میں کسي بھي جاري عمل کو سنت کہہ دیا جاتا ھے۔

اور فقھا کے نزدیک سنت فرض کے مقابل ھے یعني کرنے والے کو ثواب اور نہ کرنے والے کو سزا نھیں۔

السند :

لغوي تعریف: جس پر اعتماد کیا جائے، اور سند کو سند اس لئے کھتے ھیں کہ متن کا اعتماد سند پر ھوتا ھے۔

اصطلاحي تعریف: (سلسلة الرجال الموصلة للمتن) یعني رجال اور راویوں کا وہ سلسلہ جو متن تک پھنچائے۔

المتن :

(ما صلب و ارتفع من الا رض) یعني لغوي لحاظ زمین کا وہ ٹکڑا جو مضبوط ھو اور بلند ھو۔

اصطلاحي تعریف: (ما ينتهي ليه السند من الكلام) یعني سند کے بعد والا کلام، جس پر سند جا کر ختم ھو جاتي ھے۔

الراوی :

جو شخص اپني سند سے حديث روايت کرتا هو، خواه مرد هو يا عورت اس کو راوي کها جاتا هے۔

جيسے : {حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ }قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ﴿مَنْ يَقُلْ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنْ النَّارِ ﴾ [البخاري : حديث 109]

{ } اس کے درميان سب "سند" هے اور هر ايک نام " راوي " هے.

﴿ ﴾ اس کے درميان سب "متن " هے.

متفق عليه :

وه حديث جس کو إمام بخاري اور إمام مسلم دونوں نے ايک هي صحابي سے روايت کيا هو.

أسباب ورود الحديث :

اس سے مراد وه علم هے جس ميں ان أسباب کا ذکر کيا جاتا هے جن کي وجه سے رسول الله صلى الله عليه وسلم نے حديث بيان فرمائي هو ان أسباب ميں کوئي سوال، واقعه يا حادثه هو سکتا هے جس کي وجه سے آپ صلى الله عليه وسلم نے يه ارشاد فرمايا تها۔ يه علم، علوم قرآن ميں أسباب نزول کے علم کي طرح هے۔

إسرائيليات :

اسرائيليات سے مراد وه روايات هيں جو بني إسرائيل کي جانب منسوب هوں۔ بني إسرائيل سے مراد حضرت يعقوب عليه السلام کي أولاد هے۔ اور وه تمام روايات جو يهوديوں کي ثقافت اور علوم کے ذريعے همارى ديني کتب ميں آ گئي هيں وه إسرائيليات کهلاتي هيں

الأ ئمة الستة

أئمه سته سے مراد کتب سته کے چھ (6) مؤلفين هيں: إمام بخاري، إمام مسلم، إمام أبو داود، إمام ترمذي، إمام نسائي اور إمام ابن ماجه هيں جن کا مختصر تعارف يه هے:

البخاري :

نام: محمد بن إسماعيل بن إبراهيم بن المغيرة بن بردزبه,الجعفي (194هـ - 256 هـ)

کتاب: الجامع المسند الصحيح المختصر من أمور رسول الله وسننه وأيامه المعروف بصحيح البخاري.

أحاديث کي تعداد: 7397 , اور مکرر کو حذف کرکے: 2602

مسلم :

نام: أبو الحسن مسلم بن الحجاج القشيري النيسابوري (206 هـ -261 هـ)

کتاب: المسند الصحيح المختصر من السنن بنقل العدل عن العدل عن رسول الله المعروف بصحيح مسلم أحاديث کي تعداد: 7275، اور مکرر کو حذف کرکے: 4000

أبوداود :

نام:سليمان بن الأشعث بن إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو بن عمران الأزدي السجستاني (202 هـ - 275 هـ).

كتاب: سنن أبي داود، أحاديث كي تعداد: 5274

الترمذي :

نام: أبو عيسى محمد بن عيسى بن سورة بن موسى بن الضحاك السلمي(209 هـ - 279 هـ).

كتاب: جامع الترمذي

النَسائي :

نام: أبو عبد الرحمن أحمد بن شعيب بن علي بن بحر بن سنان النسائي(255 هـ - 303 هـ).

كتاب: سنن النسائي

ابن ماجه :

نام: أبو عبد الله محمد بن يزيد بن ماجه الربعي القزويني(207 هـ - 275 هـ).

كتاب: سنن ابن ماجه

المحدث :

وه شخص جو علم حديث ميں روايت ﴿بيان كرنے﴾ اور درايت ﴿معني اور مفهوم كي سمجھ﴾ كے ساتھ مشغول هو اور بهت سي أحاديث اور ان كے راويوں كے حالات پر آگاه هو۔

الحافظ :

اس كے دو معاني هيں:

(1) محدث كا مترادف هے۔

(2) محدث سے بلند درجه هے اس حيثيت سے كه راويوں كے هر طبقه ميں اسكا علم اسكے لاعلم سے زياده هوتي هے۔

الحاكم :

يه لقب اس محدث كے لئے هے جس كا علم حديث، متن، سند، جرح وتعديل كے ساتھ تمام ذخيره أحاديث پر محيط هو اور بهت كم اس كے علم سے باهر هو۔

الحجة :

اس محدث كو كهتے هيں جو تين لاكھ أحاديث كا علم بمعه متن وسند ركھتا هو۔

صحاح سته :

صحاح سته سے مراد حديث كي يه چھ كتابيں هيں: صحيح البخاري، صحيح مسلم، سنن أبوداود، سنن الترمذي، سنن النسائي، سنن ابن ماجه اور يه وصف اكثريت كے اعتبار هے اس لئے كه بخاري و مسلم كے علاوه باقي كتب ميں كچھ ضعيف آحاديث بھي هيں۔

الجامع :

جامع سے مراد حديث كي وه كتابيں هيں جس ميں يه آٹھ (8) مضامين موجود هوں:
العقائد، الأحكام، السير، الآداب، التفسير، الفتن، أشراط الساعة، المناقب.
جيسے: صحيح البخاري اورجامع الترمذي هے

السنن :

سنن سے مراد حديث كي وه كتابيں هيں جس ميں صرف أحكام هوں اور فقهي أبواب مثلا كتاب الإيمان ، كتاب الطهارة ، كتاب الصلاة پر مرتب كي جاتي هيں اس طرح كي مشهور كتابيں: سنن ابي داود، سنن الترمذي، سنن ابن ماجه وغيره هيں۔

نوٹ: سنن الترمذي كو كچھ محدثين "سنن" ميں اور كچھ "الجامع" شمار كرتے هيں

الصحاح :

اس كا مفرد" صحيح" هے اس سے مراد حديث كي وه كتابيں هيں جن كے لكھنے والے نے يه لازم كيا هو كه وه صرف صحيح حديث هي كو لكھے گا اور كسي ضعيف حديث كو نهيں درج كرے گا جيسے: صحيح البخاري , صحيح ابن حبان وغيره هے. ليكن محدثين كا حديث كي تحقيق ميں معيار مختلف هو سكتا هے مثلا صحيح ابن حبان اپنے اعتبار تمام صحيح حديث درج كي هيں ليكن ان ميں بهت سي أحاديث دوسرے محدثين كے نزديك ضعيف هيں.

المسنَد :

ايسي كتاب كو كها جاتا هے جس ميں أحاديث صحابه كرام كے ناموں كي ترتيب سے جمع كي گئي هوں جيسے إمام أحمد كي كتاب: مسند أحمد هے.

المعجم :

اسكي جمع معاجم هے، اور يه علم حديث ميں تصنيف كا ايک طريقه هے جس ميں مؤلف اپنے أساتذه كے ناموں كي ترتيب هجائي سے أحاديث جمع كرتا هے۔

الجزء : جمع ا جزاء :

ايسي كتاب كو كها جاتا هے جس ميں كسي ايک مسئله كي يا ايک نوع كے مسائل پر أحاديث جمع كي گئي هوں جيسے إمام بيهقي كي كتاب: جزء القراء ة هے.

<u>الأربعين ، الأ ربعينيات ، الأربعون :</u>

جس کتاب میں کسي بھي طرح کي چاليس احاديث جمع کي گئي ھوں جيسے اِمام نووي کي کتاب: الأر بعين ھے۔

هذا ....

و الله أعلم بالصواب و أسأل الله التوفيق و السداد

و صلى الله على حبيبه سيدنا محمد و على آله و صحبه أجمعين

دعا کا محتاج

(أبوسيف) محمد رفيق
abussaif@yahoo.com
+971556944322

حديث كي أقسام هم تك پهچنے کے اعتبار سے

حديث كي هم تك پهچنے کے اعتبار سے دو أقسام هيں : (1) متواتر (2) آحاد

(1) متواتر :

(ما رواه عدد كثيرتحيل العادة توطؤهم علي الكذب) جس حديث كو بيان كرنے والي ايسي بڑي جماعت هو جس كا جهوٹ پر اتفاق كرلينا يا اتفاقي طور پر جهوٹ پر جمع هونا ناممكن هو اور يهي كثرت ابتداء سے انتهاء تك تمام طبقات ميں هو اوراس حديث كا تعلق مشاهده يا سماع سے هو.

حكم:

يه حديث علم ضروري يعني علم يقيني كا فائده ديتي هے جيسے كسي معامله كا خود مشاهده كيا هو ۔ اس كے راويوں كے حالات پر بحث كرنے كي ضرورت نهيں هوتي

متواتر كي أقسام:

متواتر حديث كي دو قسميں هيں : لفظي و معنوي

متواتر لفظي :

(ما تواتر لفظه و معناه) يعني وه حديث جس كا لفظ اور معني دونوں متواتر هوں ۔ مثال :,, من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار ،، اس حديث كو 70 سے زياده صحابه نے روايت كيا هے

متواتر معنوي :

(ما تواتر معناه دون لفظه) يعني وه حديث جس كا صرف معني متواتر هو لفظ نهيں مثال "دعا ميں هاتهوں كو اتهانا" اس مفهوم كو تقريبا 100 صحابه نے روايت كيا هے ليكن مختلف واقعات ميں.

(2) آحاد

وه حديث جو متواتر كي حد كو نه پهنچے اس كو آحاد كهتے هيں .

آحاد حديث كا حكم:

آحاد حديث كا صحيح يا غير صحيح سے كوئي تعلق نهيں بلكه يه صحيح ، حسن ، ضعيف ، اور موضوع سب هو سكتي هے اور آحاد أحاديث ميں تحقيق لازمي هوتي هے تحقيق كے بعد يه صحيح ، حسن ، ضعيف ، اور موضوع ميں سے كسي بهي درجه پر هو سكتي هے .

آحاد حديث كي أقسام:

آحاد حديث كي تين قسميں هيں: (1) مشهور (2) عزيز (3) غريب .

مشهور :

(ما رواه ثلاثة فأكثر ولم يبلغ حد المتواتر) ۔ جسے هر طبقه ميں تين يا تين زياده روايت كريں مگر تواتر كي حد كو نه پهنچے .

عزيز :
(ما لايقل رواته عن اثنين في جميع طبقات السند) ۔ جس کے راوي سند کے تمام طبقوں میں دو سے کم نه هوں

غريب :
(ما ينفرد بروايته راو واحد) وه حديث جسے ايك منفرد راوي بيان کرے ۔
مثال : حديث : إنما الأعمال بالنيات

قوت و ضعف كے اعتبار سے حديث آحاد كي تقسيم

قوت و ضعف كے لحاظ سے حديث آحاد دو قسميں هيں : (1)مقبول (2) مردود

مقبول :
(مَا تَرَجَّحَ صِد قُ المُخبِرِ بِه) يعني وه حديث جس كے بتانے والے كي سچائي غالب هو.

حكم:
اس كو دليل وحجت بنانا لازم هے اور يه شرعي دلائل ميں سے ايك حجت هے اور مسلمان كے لئے اس پر عمل ترك كرنے كي كوئي گنجائش نهيں هے.

مردود :
(مَالَم يَتَرَجَّحَ صِدقُ المُخبِرِ بِه) وه حديث جس كے بتانے والے كي سچائي غالب نه هو.

حكم :
نه هي اس سے حجت پكڑي جائے گي اور نه هي اس كو دليل بنايا جا سكتا هے.

مقبول حديث كي أقسام :
(1)الصحيح لذاته (2)الحسن لذاته (3)الصحيح لغيره (4)الحسن لغيره

الصحيح لذاته :
(مَا اتَّصَلَ سَنَدُهُ بِنَقلِ العَدلِ الضَّابِطِ عَن مِثلِه إلى مَنتَهَاهُ مِن غَير شُذُوذ وَلا عِلَّة) جس كي سند متصل هو ، اس كے راوي اول تا آخر عادل و ضابط هوں ، اور هر قسم كے شذوذ و علت سے خالي هو .

الحسن لذاته :
(مَا اتَّصَلَ سَنَدُهُ بِنَقلِ العَدلِ الذي خف ضبطه عَن مِثلِه إلى مَنتَهَاهُ مِن غَيرِ شُذُوذ وَلا عِلَّة) يعني جس كي سند متصل هو ، اس كے راوي اول تا آخر عادل هوں ليكن ضبط اور ياداشت كسي ايك راوي كي كم هو ، اور وه هر قسم كے شذوذ و علت سے خالي هو.

الصحيح لغيره :
(هُوَ الحَسَنُ لِذَاتِه إذَا تَعَدَّدَت طُرُقُهُ) يعني وه حسن لذاته جس كي سنديں متعدد هو جائيں.

الحسن لغيره :
هُوَ الضَّعِيفُ إذَا تَعَدَّدَت طُرُقُهُ وَلَم يَكُن سَبَبُ الضُّعفِ فِسقُ الرَّاوِي أوكِذ بُهُ .
وه ضعيف حديث جس كي سنديں متعدد هو جائيں اور سبب ضعف راوي كا فسق يا كذب نه هو.

نوٹ : جب حديث کے بارے صرف "صحيح " کا لفظ بولا جائے که يه حديث صحيح هے تو اس کا مطلب يه هوتا هے که يه مقبول هے اور مقبول کوئي بھي قسم هو سکتي هے.

هذا ....

و الله أعلم بالصواب و أسأل الله التوفيق و السداد

و صلى الله على حبيبه سيدنا محمد و على آله و صحبه أجمعين

دعا کا محتاج

(أبوسيف) محمد رفيق
abussaif@yahoo.com
+971556944322

مردود حديث كي اقسام

قوت و ضعف كے لحاظ سے حديث آحاد دو قسميں هيں : (1)مقبول (2) مردود

مقبول :

(مَا تَرَجَّحَ صِدِ قُ المُخبِرِ بِه) يعني وه حديث جس كے بتانے والے كي سچائي غالب هو.

حكم:

اس كو دليل وحجت بنانا لازم هے اور يه شرعي دلائل ميں سے ايك حجت هے اور مسلمان كے لئے اس پر عمل ترك كرنے كي كوئي گنجائش نهيں هے.

مردود :

(مَالَم يَتَرَجَّحَ صِدقُ المُخبِرِ بِه) وه حديث جس كے بتانے والے كي سچائي غالب نه هو.
معروف نام : **ضعيف**

ضعيف حديث كے درجات:

صحيح اور حسن كي طرح ضعيف كے بهي درجات هيں اور سب سے زيادة ضعف والي روايت كو "موضوع" كها جاتاهے.

حكم :

عمل كے اعتبار سے :

حديث ضعيف سے نه هي حجت پكڑي جائے گي اور نه هي اس پر عمل كيا جائے گا كيوں كه اس كلام ميں شك هوتا هے كه يه كلام رسول هے يا نهيں هے , پس اگر يه كلام رسول نه هوا تو اس پر عمل كرنا بدعت هوگا جو كه گناه كبيره هے اور نبي صلى الله عليه وسلم كا صحيح فرمان موجود هے كه :(دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلى مَا لَا يُرِيْبُكَ[ترمذي]) كه جس چيز ميں شك هو اس كو چهوڑ دو اور جس ميں يقين هو اس كو پكڑ لو .

بيان كے اعتبار سے :

ضعيف حديث كو اس كا ضعف بيان كيئے بغير بيان كرنا جائز نهيں هے .
بعض محدثين نے ضعيف حديث كو بيان كرنے كي اجازت دي هے بشرط كه اس كا ضعف شديد نه هو اور اس كا تعلق حلال و حرام اور عقيدة سے بهي نه هو يعني صرف ترغيب و ترهيب يعني كسي عمل ميں رغبت دلانے يا ڈرانے كے لئے هو .
ليكن صحيح بات يه هے كه ضعيف حديث كو كسي بهے صورت ميں اس كا ضعف بيان كيئے بغير بيان كرنا صحيح نهيں هوتا , اس ليئے كه سننے والا تو اس حديث رسول هي سمجھ رها هوگا .

حديث كے ضعيف هونے كے اسباب :

حديث كے ضعيف هونے كے بنيادي دو اسباب هوتے هيں :
(1) سند كا متصل نه هونا يعني منقطع هونا.
(2) كسي راوي كي ديانت داري يا حافظه ميں كمزور هونا .

سند کا متصل نہ ہونا :
أحاديث كي سندوں پر جب تحقيق كي جاتي هے تو بعض أوقات كسي سند ميں دو راويوں كي آپس ميں ملاقات کا ھونا اور حديث کا براہ راست سننا اس بات کو ثابت کرنا مشکل هو جاتا هے اور کچھ اسباب ایسے سامنے آتے جن یہ بات مشکوك هو جاتي هے کہ نیچے والے راوي نے اوپر والے سے سنا هے . تو ایسي صورت میں اس حدیث کو ضعیف قرار دے دیا جاتا هے اور وجه یه بیان کي جاتي هے کہ اس کي سند متصل نهیں هے مثلا : کوئي تبع تابعي یه فرمائے که رسول الله صلی الله علیه و سلم نے فرمایا . تو اس صورت میں تبع تابعي کا براہ راست رسول الله صلی الله علیه وسلم سے سننا ممکن نهیں اس لئے که اگر براہ راست سنا هوتا تو صحابي هوتے نه که تبع تابعي هوتے . تو اس طرح کي سند کو منقطع کها جاتا هے یعني متصل نهیں هے .

نوٹ : تابعي اس شخص کو کهتے هیں جس نے کسي صحابي سے ایمان کي حالت میں ملاقات کي هو اور تبع تابعي اس کو کهتے هیں جس نے ایمان کي حالت میں کسي تابعي سے ملاقات کي هو.

سند کے منقطع هونے کي وجه سے جو أحادیث ضعیف بنتي هیں اس کے مختلف انداز هوتے هیں . اور هر انداز کے لحاظ سے اس کا مختلف نام هوتا هے لیکن سب پر ضعیف کا لفظ بولا جاتا هے .

(2) کسي راوي کا دیانت داري یا حافظه میں کمزور هونا
حدیث کے ضعیف هونے کي دوسري وجه کسي راوي کي دیانت داري یا حافظه کا کمزورهونا هے

دیانت داري کا کمزور هونا :
راوي کي دیانت کي کمزوري کي یه صورتیں هوتي هیں
(1) جهوٹ بولنا : جس راوي کا حدیث میں جهوٹ بولنا ثابت هو جائے تو اس کي حدیث کو "موضوع" کها جاتا هے جو ضعیف کا آخري درجه اور اس پر عمل کرنا حرام هوتا هے .
(2) جهوٹ کي تهمت : جس راوي کا حدیث میں جهوٹ بولنا تو ثابت نه هو لیکن عام گفتگو میں ثابت هو گیا هو تو اس کي حدیث بهي ضعیف هوتي هے.
(3) راوي کے اندر فسق کا پایا جانا
(4) راوي میں بدعت کا پایا جانا
(6) راوي کي حالت کا مجهول هو جانا
یه اسباب اگر کسي راوي میں پائے جاتے هیں تو اس کي حدیث کو ضعیف قرار دیا جاتا هے

راوي کا حافظه میں کمزور هونا :
اگر راوي دیانت داري میں صحیح هو لیکن اس کا حافظ کمزور هو تو اس حدیث کو بهي ضعیف کیا جاتا هے .
راوي جب حدیث کو بیان کرنے بهت زیاده بار بار غلطیاں کرے تو اس کا مطلب یه هوتا هے که اس حافظه صحیح نهیں هے .

منسوب اليه كے اعتبار سے أحاديث كي أقسام :

منسوب اليه كے اعتبار سے أحاديث كي چار قسمين هين :

1. حديث قدسي
2. حديث مرفوع
3. حديث موقوف
4. حديث مقطوع

حديث قدسي :

حديث قدسي اس حديث كو كها جاتا هے جس مين رسول الله صلى الله عليه و سلم , الله تعالى كي طرف نسب كركے بيان فرمائين مثلا :

" عَنْ أَبِي ذَر رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم فِيْمَا يَرْوِيْ عَنِ اللهِ تَعَالى : يَا عِبَادِيْ إِنِّيْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلَى نَفْسِيْ وَ جَعَلْتُهُ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا فَلَا تَظَالَمُوْا .... الحديث (مسلم) "

ترجمه : حضرت أبو ذر رضي الله تعالى عنه نے نبي صلى الله عليه وسلم سے روايت كيا هے جو كه آپ صلى الله عليه و سلم اپنے رب الله تعالى روايت كرتے هين كه الله تعالى نے فرمايا:

اے ميرے بندو ! بے شك مين نے ظلم كو اپنے اوپر حرام كيا اور تهمارے درميان بهي حرام قرار ديا هے پس تم بهي آپس مين ظلم مت كرو .... (مسلم)

مرفوع:

حديث مرفوع اس كو كها جاتا هے جو رسول الله صلى الله عليه و سلم كي طرف منسوب هو يعني صحابي يه كهے كه بني صلى الله عليه سلم نے يون فرمايا يا يون كيا يا آپ صلى الله عليه وسلم كے سامنے يون كها گيا يا كها گيا اور آپ صلى الله عليه وسلم اس خاموش رهے .

مثلا : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : إنما الاعمال بالنيات ... (البخاري)

موقوف:

جوقول يا عمل كسي صحابي كي طرف منسوب هو يعني كوئي تابعي كهے فلاں صحابي نے يون فرمايا تها يا يون كيا تها تو اس حديث موقوف حديث كهتے هين .

مقطوع:

جوبات كي تابعي كي طرف منسوب هو يعني كوئي تبع تابعي كهے فلاں تابعي نے يون فرمايا تها يا يون كيا تها تو اس حديث مقطوع حديث كهتے هين .

تمت

و صلى الله على حبيبه سيدنا محمد و على آله و صحبه أجمعين

دعا كا محتاج : (أبوسيف) محمد رفيق

abussaif@yahoo.com

+971556944322